ایک انوکھی کتاب! !A Wonderful Book

خُدا ہمارے ساتھ کئی انداز میں بات کرتا ہے۔ تبلیغ کرنے والے اُس کے کلام پر بات کرتے ہیں، مزامیر اُس کی تمجید کے سُر بناتے ہیں۔ خُدا کبھی کبھار ہمارے دلوں میں اندرونی احساس کی بدولت بات کرتا ہے جو ہم اُس کی آواز سُننے پر پہچانتے ہیں۔ ہمیں اُس کی ہمارے لئے خواہشوں اور اُفکار کے بارے میں اندازہ نہیں کرنا پڑتا۔ اُس نے ہمارے رہنمائی کے لئے ایک عظیم تحفہ، ہماری بائبل دیا ہے جو اُس کا کلام ہے۔

''تیرا کلام میرے قدموں کے لئے چراغ ہے اور میری راہ کے لئے روشنی ہے'' زبور 119:105

یسوع مسیح آسمان پر ہمارے لئے جگہ تیار کرنے کے لئے گیا ہے، لیکن اُس نے ہمیں راہنما اور تسلی کے بغیر نہیں چھوڑا ہے۔ اُس کا کلام اور اُس کا رُوح اکٹھے ملکر کام کرتے ہیں تا کہ ہمیں حفاظت سے ہمارے آسمانی گھر لے جائیں۔

چند بُنیادی حقائق ہیں جو آپ کو آپ کی بائبل اور زیادہ موثر طور استعمال کرنے میں معاونت کریں گے۔ بائبل دو عہدوں میں تقسیم ہوتی ہے، پُرانا اور نیا۔ ہر عہد میں ایک معاہدہ ہے جو خُدا نے لوگوں کے ساتھ کیا۔ دونوں عہدوں میں بہت سی کتابیں ہیں۔ پُرانے عہدنامے کی تحاریر سرفہرست ہوتی ہیں۔

اگر آپ اپنی بائبل کو بند کریں اور اُسے درمیان سے کھولیں تو آپ زبور کی کتاب کھولیں گے، جو پُرانی عہدنامے کی سب سے زیادہ پڑھی جانے والی کتابوں میں سے ایک ہے۔ اگر آپ اپنی بائبل کے آخری نصف حصے کو مساوی طور پر تقسیم کریں گے تو آپ اِسے نئے عہدنامے کے شروع کے لگ بھگ کھولیں گے۔ زیادہ تر تبلیغ و تعلیم نئے عہدنامے سے ہے۔ یہ نہایت مددگار ہوگا اگر آپ اِن کتابوں کے نام زبانی یاد کرلیں۔ یہ کئی برسوں پر محیط، بہت سے لوگوں کے ہاتھوں کی تحریریں ہیں، تاہم وہ اِس مُناسب طور جوڑی گئی ہیں کہ خُوبصُورتی سے ہمیں خُدا کا کلام بہم پہنچاتی ہیں۔

''کیونکہ نبُوت کی کوئی بات آدمی کی خواہش سے کبھی نہیں ہوئی بلکہ آدمی رُوح القدس کی تحریک کے سبب سے خُدا کی طرف سے بولتے

تھے‘‘۔دوُسرا پطرس 1:21۔

وہ سب اِس لئے مُناسب طور اکٹھی ہیں کیونکہ حالانکہ وہ بہت سے ہاتھوں کی تحریریں تھیں، لیکن خُدا اُن سب کا لکھاری تھا۔

نئے عہدنامے کی کتابیں چار گروہوں میں متصور کی جاسکتی ہیں۔ پہلی چار کتابیں، اکثر اناجیل کہلاتی ہیں، جو ہمیں یسوع مسیح کی زندگی کے بارے میں بتاتی ہیں۔ اگلی کتاب، رسُولوں کے اعمال اکلوتی ہے۔ یہ کتاب تاریخ کا اندراج دیتی ہے کہ مسیح کے آسمان پر اُٹھائے جانے کے بعد اُس کے ماننے والوں پر کیا بیتی۔ یہیں آپ روُح القُدس کے انڈیلے جانے اور مسیحی کلیسیا کی پیدائش کے بارے میں پڑھتے ہیں۔

اگلی اکیس کتابیں خطوط ہیں، طویل ومختصر، جو افراد و کلیسیاؤں کو مسیحی زندگی کے بارے میں ہدایات دینے کے لئے لکھے گئے۔ آخری کتاب، مُکاشفہ یوحنا کو دی جانے والی رویا کا اندراج ہے، جو مسیح کے شاگردوں میں سے ایک تھا۔ خُدا اظاہر کرتا ہے کہ کلیسیاؤں میں کیا ہونے کو ہے اور دُنیا کے واقعات بھی جو اُس کی آمد ثانی سے قبل ہوں گے۔

آپ کی بائبل ایک عُمدہ کتاب ہے، ’’ہر ایک صحیفہ جو خُدا کے الہام سے ہے تعلیم اور الزام اور اصلاح اور راستبازی میں تربیت کرنے کے لئے فائدہ مند بھی ہے‘‘۔ دُوسرا تیمتھیس 3:16۔

قدوقامت میں بڑھنے والا مسیحی خُدا کے کلام کی اُس طرح خواہش رکھتا ہے جیسے کہ بڑھنے والا بچہ خوراک کی۔ آپ کی بائبل روحانی زندگی کا دُودھ رکھتی ہے اُن کے لئے جو مسیح میں نوزائیدہ ہیں۔ یہ بالغ مسیحی مردو خواتین کی بڑھوتری کے لئے گوشت کا سا اثر رکھتی ہے روزانہ بائبل کو پڑھنے سے اِسے اپنی زندگی کا حصّہ بنائیں۔ اِس کے الفاظ کو ذہن نشین کریں۔ پھر آپ داوٗد بادشاہ کے ساتھ کہہ سکیں گے، ’’آہ، میں تیری شریعت سے کیسی مُحبت رکھتا ہوں، مُجھے دِن بھر اُس کا دھیان رہتا ہے‘‘۔ زبور 119:97